ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(384)

مورخہ14.07.2023

**بہاولپور(          )ڈی پی او سید محمد عباس کی جانب سے بہاولپور کے شہریوں کو ہر ممکن ریلیف مہیا کرنے کے احکامات، ڈی ایس پی صدر سرکل سید اظہر علی گیلانی کی سربراہی میں تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی زبیری گینگ کے خلاف بڑی کامیاب کارروائی، قتل، ڈکیتی، سرقہ بالجبر اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 03 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد۔ معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ایس ڈی پی او سرکل صدر بہاولپور سید اظہر علی گیلانی کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ صدر بہاولپور محسن سردار نے قتل، ڈکیتی، سرقہ بالجبر اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث زبیری گینگ کو ٹریس کرنے کے لئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے 15 سنگین وارداتوں میں ملوث 04 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن میں سے 02 ملزمان تھانہ احمد پور اور عباس نگر کے A کیٹگری کے اشتہاری ہیں اور 40 کے قریب مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 03 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ، قیمتی پرندے، ٹریکٹر، کار، کیری ڈبہ، موٹر سائیکلیں اور نقد رقم برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہی ہے اور گینگ کے بقیہ ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر ڈی ایس پی صدر سرکل سید اظہر علی گیلانی، ایس ایچ او تھانہ صدر بہاولپور محمد محسن سردار اور انکی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے زبیری گینگ کو کروڑوں روپے کے مال مسروقہ سمیت گرفتار کرلیا

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(385)

مورخہ 14/07/2023

## بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 07 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ عباس نگر اور تھانہ سول لائینز پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کامران اور سلیم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 740 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ کوتوالی، تھانہ سول لائینز اور تھانہ قائم پور پولیس نے 03 ملزمان ہارون، شاہ نواز اور طاہر کو گرفتار کر کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد رائفل 44 بور برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اسی طرح تھانہ مسافر خانہ پولیس نے چوری کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان غلام مجتبیٰ اور عمران کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 10 عدد سولر پلیٹیں برآمد کر کے اصل مالک کے حوالے کر دیں۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے منفی عناصر سے پاک کیا جا سکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں گرفتار ملزمان سے منشیات واسلحہ ناجائز و چوری شدہ سولر پلیٹیں برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (386)

14-07-2023

**بہاول پور(        ) جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔ سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: جمعتہ المبارک کے موقع پر مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں